DELHI UNIVERSITY
LIBRARY

DELHI UNIVERSITY LIBRARY

Cl. No. Q2wMCD N09

Ac No. E2076 Date of release for loan

This book should be returned on or before the date last stamped below. An overdue charge of 0.6 nP. will be charged for each day the book is kept overtime.

مظہر المعرفت

سنبت ۱۹۶۶

سری سوامی چرنداس جی مہاراج کا جیون چرتر منظوم و بہ نام تاریخی موسوم

مصنفہ منشی بنالال صاحب بہاگو ناظم نظامت جیپور

[illegible] سنہ ۱۹۰۹ء
[illegible]

ELHI UNIVERSITY
LIBRARY

فہرست مضامین مظہر المعرفت

صفحہ	مضمون
۱	پرارتهنا
۲	سر مہاراج کا شجرہ
۳	ولادت کے واقعات
۵	بال چرتر
۷	سکھدیو مہاراج کا پانچ برس کی عمر میں درشن دینا
۹	چٹسال میں پڑھنا
۱۰	پتا مرلیدھر جی کا دیہانت
۱۲	نانا کا گنگا اشنان کو جانا اور مہاراج کا بھوا کے پاس نگر قاسم میں رہنا
۱۵	دلی کو آتے ہوئے سنگھ کو سراپ سے چھوڑانا
۱۶	پڑھنے سے بیزار ہونا مکتائی سے انکار کرنا نانا اور ماماؤں ملا سے مباحثہ
۲۸	پریم اوستها
۳۱	گرو جی کا درشن اور شکرتال جا کر شش ہونا

صفحہ	مضمون
۴۱	چودہ برس جوگ سادھنا
۴۲	راج ریت سے رہنا
۴۵	دیالتا برنن
۴۸	ایک کھتری کی دو لڑکیوں کا بیاہنا درشنی پڑتے ہی لڑکا جیانا
۵۰	ایک جیتے کو دیکشا دینا
۵۱	جگر کو اور درشن دینا
۵۲	سنگھ کو دیکشا دینا
۵۴	سنگھ راج مہاجن کو پرچہ دینا
۵۶	نادر شاہ کو پرچہ دینا
۶۴	محمد شاہ کا آنا
۶۵	ایک برس گپت رہنا
۶۷	ایک مہاجن کی دوکان پر مزدور بنکر رہنا
۶۹	بیج گوتی
۷۷	گیان گوشٹی
۸۴	دلی اگر پر جھپٹ [illegible]
۸۷	نانک پنتی کو رد و بشنو کرنا

۸۹ سنیاسی کا استہل مین آکر مہاراج کو آزمانا
۹۰ مولوی فاخر کے بھیجے ہوئے گوشت کا پیڑہ بنجانا
〃 فقیر اور ملا کا مہاراج سے مباحثہ
۹۲ پانی پت اور کرنال کا سفر اور واپسی کے وقت دہاڑیونکا چیلہ بننا
۹۴ دلی مین واپس آنا گھاس منڈی مین رہنا
۹۵ مہاراج اسیر سنگھ جی والی جیپور کا سسش ہونا
۹۹ ایک دن مین چار سروپ ہارنا
۱۰۰ ماتا کو گنگا اشنان کرانا
۱۰۱ سر مہاراج کا شاہجہانپور کو جانا
۱۰۴ پرکہت پورہ مین بیٹھے ہوئے گھاس منڈی مین دولترام کے پوتے کو ۲ نفر لیسے گھرتے ہوئے بچانا۔
دریا نا تہہ جوگی کو آدمے کے درخت سے اشتری گھستے دکہانا
۱۰۴ پرانی دلی میں استہل بنانا اور دو پنڈتون سے مباحثہ
۱۰۶ نئی بستی کے چرتر
۱۰۸ مغلونکا استہل مین آکر مہاراج سے چیلا بنانا
۱۰۹ ماتا گرداس گسائین کا دلی آنا اور [illegible]
۱ سوامی کے روپ مین مہاراج کو درشن پانا
۱۱۱ ایک براہمن کا سری چل کی کا ور- بجا تہہ جی مہاراج کی آگیا سے سری مہاراج کے چرنون پر چڑہانا
۱۱۲ ماتا کو سر مکر ستہمارا جکے درشن کرانا اور ماتا کا پریم دہام
۱۱۴ سکھدیو پورہ کے چرتر
۱۱۵- موہنلال مہاجن کو پرچہ دینا
۱۱۶- مست ہاتہی کا استہل مین آنا
۱۱۸ پورن پرتاپ کی سہایتا کرنا
۱۲۱ دلی مین بیٹھے ہوئے آگرہ مین نادکا تباہی سے بچانا
۱۲۲ آٹھ دن لکھنؤ مین رہنا اور دلی والونکا جنہیں آسنے پر اگاہ ہونا
۱۲۴ کالی ناگ کا آنا
۱۲۵ دشمن ارنا گولکا دشمن بنارد مین ہیکم سے سر ہوجانا

۱۲۶	دلی مین ہجا اور پرپھن بائی کو متہرا مین درشن دینا	۱۳۴	سری مہاراج کے وصایا
۱۲۷	مہاراجہ پرتاب سنگھ جی کے زمانہ مین سچے پور آنا	۱۳۷	سری مہاراج کا پرم دہام
			قطعات تاریخ و منظومات مختلفہ

صحت نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷	۷	چہایا	سایا	۴۰	۱۲	نانا سنے	ماتا سے
۹	۱۲	گہر کیسلو	گہڑکی کو	۴۲	۹	جل بہے تہے	جل رہے تہے
〃	۱۳	پہرسے	پہرسے آئے	۴۴	۵	اونکے آگے	اوسکے آگے
۱۳	۷	دیا لکہہ کے خط	دیا لکہہ کے	〃	〃	نصیب ہنگے	نصیب او سکے
۲۰	۱۳	پہ مائل مراد ل	کا قائل مراد ل	۴۴	۷	دہیان و ہرکر	دہیان و ہر کے
۲۱	۱۵	سے چہپے	اسے چہپے	۴۵	۱۴	سب سنائی	سب دکہائی
۲۴	۵	اراد	آزاد	۴۶	۵	اپنے لایا	اپنے آیا
۲۵	۱۲	سہان	پہنان	۴۷	۱۱	اونکو رہائی	اپنی رہائی
۳۰	۹	نیا	نیگا	۵۲	۱۱	افسونکے داو	افسونکے وار
۳۱	۱۴	بیان کرسکو انجا	یہ شعر زاید لکہا گیا	〃	〃	کیسے داو	کیسے وار
۳۲	۴	سے کیے تہا	سمتے کیے تہے	〃	۱۲	کیا رہار	گیا ہار
۳۴	۹	تہا جلوہ سارا	جلوہ تہا سارا	〃	۱۳	پلایا اونہین	ملایا وہین
۳۸	۳	ہوسکتے	ہو نہ سکے	۶۲	۱	کیا سکیتے	گیا کیسے

۶۲	۱۰	سرمیں	سر پر	۱۰۳	۱۴	کہ مرحضر	کہ ہر حضر
۷۷	۷	کرپا کرکے ہوساگر	کرپا کے ساگر	۱۰۷	۱۲	نگاہ وسے	نگاہ دستے
۸۰	۹	اسکی	اسکا	۱۱۳	۳	بنیا	لیا
۸۱	۵	بر بھکت ہو	ہر بھگت ہیں	۱۱۴	۳	چھپایا	جھپایا
۸۲	۱۶	ناماب	نایاب	۱۱۶	۴	مارسے	بارسے
۸۳	۱۰	گرو	گروُ	۱۱۹	۳	لیا	کیا
۸۶	۸	وہین پہ	وہان پہ	۱۲۰	۱۵	گروگرو کو	گرو کو گرو کو
۸۸	۶	کاہل	کابل	۱۲۳	۱	سنبت ۱۹۲۸	سنبت ۱۸۲۸
۸۹	۵	درشتی	درشتی	۱۲۸	۹	نامی	ناتی
〃	۱۴	سنت سے	سنت سے	۱۲۵	۱۴	ہستے	شکتی
۹۲	۱۰	بہتی ناخوشیکا	تہانا خوشی کا				
۹۳	۱۵	دونو	دونون			منظومات مختلفہ	
۹۸	۱	ناما	بانا	۲۰	۸	۱۹۰۱	۱۹۰۳
۱۰۲	۶	یکسو	اک سو				

[illegible] شک نہی آپ ہو میرے حامی
[illegible]ری مین ایمان مری آبرو ہو
[illegible]ہین کوئی میرا کہان اب مین جاؤن
[illegible]ہارا تہا ماتا کا وہ بہی نہین اب
[illegible]ت عمر مینے فضول اپنی کہوئی
[illegible]ہا ورہ رستا اب تو دکہاؤ
[illegible]ا رہی سمرن تمہاری ہی سیوا

تمہاری سرن ہون چرند اس سوامی
گرو کے گرو کے گرو کے گرو ہو
تم اپنا و مجہکو تمہارا کہاون
نہین کوئی میرا ٹہکانا کہین اب
سنبہالوگی تم ہی نہین اور کوئی
بچاؤ مجہے رہزنو نسے بچاؤ
رہے ہیں اب زندگی بہر یہ شیوا

کہو اپنے اسرار میری زبان سے
کرو سبکو آگاہ راز نہان سے

سیر مہاجلکے راعمیرے سوانح وغیرہ

ہے میوات مین شہر مشہور الور ۔ قریب اسکے ڈہیرہ سے
جمایا جہان نورسے اپنا ڈیرا ۔ مٹا جس سے اکثر
تہے فخر جیون بنس مالک وہانکے ۔ جنہین ہر سے جہکاتے تہی سالک
زمانہ مین مشہور نام اونکا سوہن ۔ گرہست آسرم ادہرتی مین
پریم اونکے ہردمین چہایا ہوا تہا ۔ وہی وہ نظر مین سمایا ہو
سر کرشن مین لولگائی ہوئی تہے ۔ یہ اونمین وہ اسمین سمائی ہوئی
ہوئے ایکدن اونکو پرتکش درشن ۔ مگن ہوگئے دیکہہ سوبہاکو
جگل روپ کو دونون آنکہونسی دیکہا ۔ کہا آپ ہو میری آنکہو
یہی روپ ذات دیکہا کرونین ۔ رہو دمبدم آنکہومین چہپکر

مرے کل سے بہگتی تمہاری نجاوے
سوا اسکے کچہہ اور چتمین نہ آوے

مہاراج خوش ہوکے بولے کہ ہان ۔ ہو الین بہگتی مین سب تیرا
ترے کل مین ایسی ہی بہگتی چلیگی ۔ تری آٹہوین پشت ایسی

کہ مین آنکر انس اوتار لونگا — اب ہے دان کلجگ بیچ ہیں بہگتونکو دونگا

بچن یہ سنا کر سری بہگت مقبل — جہلک وہ دکہا کر سری بہگت مقبل

ہوئے مثل پتلی کی آنکہونسی اوجہل — پرم بہگت سب بہن ہوئے سخت بیکل

اوسی وقت سی پہر نہ پینا نہ کہانا — اوسی روپ مین دہیان اور لو لگانا

نہ پہر نکہے کہو لین نہ دیکہا کسیکو
لگایا نہ دنیا سی فاسنے جیسکو

اوسی نور مین نور اپنا ملایا — جتر داس جی پر پڑا جسکا سایا

ہوئے اونکے گرد ہر بڑے ہی پریمی — ہوئے جنکے ٹہاکر پرم بہگت نیمی

جگنناتہ ٹہاکر کے ویسے ہی بیٹے — ہوئے بہگت جن باپ جیسے ہی بیٹے

ہوئے اونکے پر ایک داس ایسے نامی — کرین جنکی بہگت او بہگتی غلامی

ہوئے اونسے مرشد ایسے بڑے ہی پیدا — جو تہے بالین جیسے ہی بہگتی کے شیدا

ندیکہے پریمی جن ایسے کسی نے
انہیں سے کے لیا جنم مہاراج جی نے

ولادت کی واقعات

مہاسینوت اور ہستن پر کہنو
نہ دیکھی سنی ایسی سیرت نہ صورت
زبان کون جو اونکی مہما کو برنے
ہوئے سنت و لپ انس اوتار پیدا
ہوئے سنکے خوشحال باپ اور دادا
جما ایک گویا یہ بہگتی کا پودا
کٹم اور پروار کے لوگ آئے
جنم پتر پانڈے جی آکر بنایا
ہے بہادون سدی تیج تہہ بار منگل
ہے سترہ سے اور ساٹہہ خوشحال سنبت
یہ آئے ہین دنیا مین بہگتی چلانے
نہین بیاہ شادیکی کوئی بہی صورت
گر اونکے یہ حال دکہلا رہی ہین
نرالے ہین دنیا سی طرز و آداب
جسودا لگی کہنے پانڈے سی ہنسکر

اوسمین تہی اچہی ہین دنیا مین گن جو
مجسم تہی گویا وہ بہگتی کی مورت
لیا گر بہہ سے جنکی اوتار ہرنے
ہوئی دیوتا دیکہکر جنکو شیدا
جو سہتری زمین تہی وہین نال گاڑا
ہری ہوگئی دل مین دادی جسودا
کیا جات کرم اور پیڑے کہلائے
جما کر گرہ سبکو پڑہ کر سنایا
رہیگا یہ برسون لگا تار منگل
مبارک ہی بہگتونکو میان سنت
سری کرشن کے انس ہین مینی جانے
یہ جنمے ہین ایسی گہڑی اور مہورت
ستاری بہی چال دکہلا رہی ہین
چرن اونکے پوجینگے شاہ و گدا سب
جو تونی کہا سب کیا مینے باور

مین بیٹھی تھی جسوقت جمنے یہ لالا ۔ یکایک ہوا سارے گھر مین اوجالا
دماموں کی آواز کانوں مین آئی ۔ دل آویز خوشبو مکانوں مین آئی
اوسیوقت سے تھی تعجب مین بارے ۔ یہ سمجھی مین اب آئے کو بکت تھی سارے
ہوئے خوش یہ سنکر لگی مسکرانے ۔ جو بیٹھے ہوئی تھی اقارب یگانے
رکھا نام رنجیت تل راس پائی ۔ لگے مانگنے مستحق سب بدھائی
اوسنگ اور ہرش دلمین داداکی چھایا ۔ خوشی سے جامہ مین پھولا سمایا
دیا حد سے بڑھکر زر و مال سبکو ۔ کیا دور و نزدیک خوشحال سبکو

رکھا سات دن در پہ نقار خانہ
یہ نوبت رہی اور رہی کارخانہ

بال چرتر

ادا کرکے سب کچھ رسوم ولادت ۔ لگی پالنے مادر خوش ارادت
سلاتی تھی اونکو کبھی پالنے مین ۔ جھلاتی تھی اونکو کبھی پالنے مین
نرالا ہی تھا جاگنا اور سونا ۔ سنا ہی کسنے نہین اونکا رونا
کبھی گود مین اونکو لیتے تھے دادا ۔ محبت بڑہ رہی تھی حد سی زیادہ

بہت پیار سے اونکو رکہتی تہی دادی
ہوئی تہی وہ انس او الفت کی عادی

وہ لیتی تہی ہر وقت اونکی بلائین
وہ دیتی تہی ہر لحظہ دلسے دعائین

بہت لاڈ اور چاو سے اونکو پالا
برس روز کے ہوگئے جب وہ لالا

لگے سیکہنے بولنا اور چلنا
سنبہالے سے تہا کودنا اور اچہلنا

جہپٹ کر پکڑ لیتے تہے بہوا کا دامان
بہت ہوکے خوش نام لیتی تہی مان

برس دوسرے مین لگے جب وہ بالا
ہوا ختم او تسو کا او تسو دو بالا

دیے دانت او انکی دونی خوشی کی
برس مین لگی جو کہلی گانٹھ جیکی

لگے چال چلنے زمانہ سے نیارے
لگے بولنے بولیان پیاری پیاری

لگا تیسرا سال تب تو وہ لالا
نکلنے لگے گہر سے آپا سنبہالا

قدم جب رکہا اپنا چوتہے برس مین
کیے اپنے ہمعمر سب اپنے بس مین

ہر اک رام جپنا جپانا سبہونکو
یہی کہیل دن بہر کہلانا سبہونکو

لگا پانچوان سال پہر جب سہانا
لیا ختم کرنا تلک او نہانا

پہر رات باقی رہے اوٹہکے آوین
اوسی وقت سوتے ہوونکو جگاوین

رہین دہیان مین اور بہجن مین سحر تک
نہو اونکو اتنی پرائی خبر تک

فراہم کرین پنڈتون لڑکونکو سارے
یہی کہیل کہیلین ندی کے کنارے

سری سکہدیو جیکا درشن دینا

...ین اکدن ایک ودہوت آئے
...نہ بدن سانولا رنگ اونکا
...ل اونکا ایسا کہ دلکو ہلاوے
...ے ہوگئے ٹکٹکی سی لگاکر
...پیار چہاتی سے اپنے لگایا
...ہانی سی تہی پاس ہی کی چہایا
...ہا تمکو چیلا کیا ہمنے اپنا
دیے ہاتہہ مین اسلیے دمین پہیرے
سرن ہون تمہاری اونہین تم بچاؤ
جدا ہی نیا پنتہہ ہوگا تمہارا
بہت ہونگے دنیا مین چیلے تمہارے
بہت تمسے پہیلیگی دنیا مین تہلکی
مہاراجگی گودسے پہر اوترکر

نہ بستر نہ کپڑین تن پر لگائے
عجب رنگ تہا اور عجب ڈہنگ اونکا
جلال اونکا ایسا کہ دیکہا نجاوے
اشارے سے رنجیت کو پہر بلاکر
محبت سے کندہے پہ اونکو چڑہایا
وہاں گود مین اونکو اپنے بٹہایا
یہ بردان تمکو دیا ہمنے اپنا
کرو پار تم دین دنیا کے بیڑے
جنم اور مرنکی دکہہ اونکی مٹاؤ
ہزارون ہی لینگے تمہارا سہارا
ہزارون ہی چیلے کرینگے تمہارے
رہیگی تمہاری سدا جوت جگتی
اوسے وقت چرنونمین سر اپنا دہرکر

کیا عرض اب آپ ہو میرے مرشد / مجھے دین و دنیا کا کچھ بھی نہیں ڈر
ہے اب بھی بہت میرا پرواز دیکھو / نہیں ہیں کچھ مجھپہ ادبار دیکھو
لگے اپنی یہ بال لیلا دکھانے / مہاراج سنکر لگے مسکرانے
کہا خشک ہو جائیگی یہ ندی جب / برس جسکی باقی ہیں چوبیس اب
کہاں جائیگا پھر یہ پردا ترا / رہیگا کہاں پھر یہ گھر بار تیرا
یہاں ہو رہی تھیں یہ باتیں سہانی / کہی جا کے لڑکوں نے گھر یہ کہانی
ہراساں ہوئی سنکے ماں باپ دادا / وہاں آئی دوڑے ہوئی آپ دادا
نہیں کوئی بھی اُس پاس آنے پایا / کہا تمکو بیٹا یہاں کون لایا
وہ کہنے لگی ہنسکے اور مسکرا کے / کہ لایا مجھے یہاں ایتا اک اٹھا کے
یہاں گود میں اپنی لا کر بٹھایا / بہت پیار اخلاص مجھپر جتایا
بہت راز و اسرار ظاہر کیے ہیں / مری ہاتھ میں وہ یہ پیڑے دیے ہیں
ابھی تو کھڑی تھی کہیں چھپ گئی وہ / تمہیں دیکھکر اب کہیں چھپ گئی وہ
بہت خوش ہوئے اور لائے گھر کو / لیے ساتھ بیٹا اپنی لخت جگر کو

جو تھیں منتظر گھر یہ ماں اور دادی
خلش ان کے دلکی بھی آکر مٹا دی

مہاراج کا حال سب کہہ سنایا ۔ ملا تھا جو پرشاد سب بانٹ کھایا

گرو بار اور سر دونو لکا دن تھا
گرو آملے پانچوان جبکہ سن تھا

چھٹے سال چٹسال پڑھنے بٹھائے ۔ وہاں پر وہ دادا کی کہنے سے آئے
لگا اونکو کہا جو پانڈے پڑھانے ۔ کہا کا کہا اور لگے مسکرانے
مجھے آل جنجال کچھ مت پڑھاؤ ۔ جو آتا ہو تمکو تو سمرن سکھاؤ
فقط رامکا نام ہے مجھکو پیارا ۔ نہیں اور کچھ میرے دلکو گوارا
سنا یہ تو پانڈے ہوئی سخت حیران ۔ کہا آکے یہ حال دادا سے پنہان
لگے کہنے دادا وہ بچے پہ جاؤ ۔ اوسے پیار سے تم پڑھاؤ لکھاؤ
ہوئے صرف تعلیم پہ آکے پنڈت ۔ پڑھانے لگے اور سمجھا کے پنڈت ب
ہوا کارگر اونپہ لیکن نہ افسون ۔ ہری رام پر ہی رہے وہ تو مفتون
نہ پانڈے کی دھمکی نہ گھر کیلو مانا ۔ زبان پر وہ لائے نہ کا کہا نہ کہانا
اونہیں لیکے ہمراہ پھر پانڈے سے چلے ۔ کہا یہ تو اکثر پڑھے اور نہ مانڈے

پڑھیگا نہ مجھ سے یہ بالک ہی ہٹی
مجھے دے رہا ہے گی ڈنٹے سے پٹی

انہیں طرح آپ آزاد رکھیے — رہے جسطرح انکا دل شاد رکھیے
لگا کر اونہیں اپنی چھاتی سی دادا — لگے کہنے اب کرلیا یہ ارادا
تمہیں اب نہ ہم کچھ لکھاوین پڑہاوین — وہی کھیل کھیلو جو تمکو سہاوین

اوترکر تہا ساتوان سال آیا
جو اونکی طبیعت کو ہرگز نہ بھایا

پتا مرلیدہر جی کا دیہانت

اوٹھے ایکدن وہ سحرگاہ سوتے — پتا نے جو دیکھا کہ اوٹھے ہیں روتے
لیا گود مین اور کہا بات کیا ہے — کہو یہ نئی بات ہیہات کیا ہے
اونہیں ہچکیان لگ گئیں روتے روتے — یہ باتین پتا سے کہین روتے روتے
طبیعت مری اس الم نے دکہائی — کہ اب ہونیوالی ہے تمسے جدائی
کروگے گوارا ہمین چھوڑ جانا — بہت ہی قریب آگیا وہ زمانا
دیا اونکو ڈھارس سنبھالا پتا نے — سمجھہ بوجھہ کے اوسکو ٹالا پتا نے
مہینا بھی گزرا تھا اس سخن کو — کہ یہ واقعہ آگیا پیش اونکو
یہ مشغول تھا اونکا پرشاد پاکر — سدا او ہمیان رہتے تھے پہاڑی جاکر

اور اک خدمتی ساتھ تھا اونکی جا
گئے ایکدن جا کے بیٹھے باہر
جو تھا آدمی ساتھ وہ دور بیٹھا
اوسے آگئی نیند اور سو گیا وہ
اوٹھا اور دیکھا تو مالک نہین ہین
نپایا پتہ کچھ وہان اونکا اسنے
تو مجبور کپڑے اوٹھا کر وہ لایا
ہوئے خستہ پریاگ داس اس الم سے
رکھا زندگی بھر اوداس اسنے اپنیکو
پریشان و افسردہ رہتی تھی کنجو
رہا کوئی بھی اب نہ سر پر ہمارے
یہ بچہ رہا کون پالیگا اسکو
جو تھے اونکے کنبے مین بھائی برادر
ادا کرتے رہتے تھے حق قرابت
نکالے زمانہ کی گردش نے کینے

ہمیشہ سرِ شام ہمراہ آتا
جہان دھیان کرتے تھے آسن لگا کر
جہان بیٹھنے کا تھا دستور بیٹھا
بہت دیر تک بیخبر ہو گیا وہ
مگر اونکے کپڑے وہی اور دو ہین تین
نہ دیکھا نہ دیکھا نشان اونکا اسنے
یہ سب ماجرا اونکے گھر پر سنایا
جسودا ہوئی بدحواس اس الم سے
اوسی سال دونون گئی بچکے تئین کو
سدا دل ہی دل مین یہ کہتی تھی کنجو
کہان سرپرست اوٹھ گئے ہای سارے
مربی نہین جو سنبھالیگا اسکو
قرابت مین نزدیک وہ شیام سندر
مگر کچھ بدلتی نہ تھی دلکی حالت
گئے چیت تک اسطرح سب مہینے

لگا جبکہ بیٹا کہہ جانیکی ٹہانی
جو ڈہیر بیسن تہی اونکی داداکی بہائی
اونہون نے سواریکا رتہہ اک منگاکر
کہا ماکی ہمراہ تم جاو بیٹا

روا جا بہی گنگا نہانیکی ٹہانی
یہ بات اونکو نجیب سے کہلوائی
کیے ساتہہ ہے اپ بہروسیکی جا
بہت جلد بہیجینے اپ گہر آو بیٹا

روانہ ہوئے اور طے کرکے منزل
ہوئے شامکو قاسم مین داخل

چلین دوسرے روز گنجوادہر کو
کہا جلد گنگا نہاکے تم آو
غرض چلتے چلتے وہ دہلی مین آئے
بڑے خاندانی بہت ذی مروت
کرم اونکی دولت سخا اونکا دین تہا
وہانسے ہوئین ساتہہ کنجو کیے ماتا
نہاکے دہوکے پہر اوسکو دلی ہی لائی

رکہا پاس ٹہبرائی لخت جگر کو
بسا تو وطن اپنا آکر بساو
جہان اونکے رہتے تہی مان باپ بہائی
بہت نیکنام اور بڑے اہل ہمت
بہادرپور اونکا قدیمی وطن تہا
یہ قصبہ مہ تہا ذرات اونکو ستانا
گوارا نہتی ایک دمکی جدائی

کہا اب نہ ہم جانی دینگے یہانسی
بلالینگے نجیب کو بہی وہانسے

نہین چاہتی یہ ہماری طبیعت
نہین ہے نہین مقتضای حمیت

کہ آئین ڈیرہ مین ہم تمکو چہوڑین
رہ و رسم الفت سی ہم منہ کہ موڑین

جو اسباب ڈیرہ مین ہے سب منگالو
وہان کے سکونت سی دلکو اوٹہالو

کیا دلسے منظور کنجوسنے اسکو
لیا مان مجبور کنجوسنے اسکو

روانہ کیے آدمی اور سواری
کہ لے آئین ڈیرہ سے وہ چیز سارے

وہانسے وہ پہر کو تقاسم کو آوین
حفاظت سے بخت کو ساتہہ لاوین

کیا ایک بڑہیا کو بہی ساتہہ انکی
دیا لکہکے خود کنجوسنی خط ہاتہہ انکی

وہ سب لوگ پہلے تو ڈیرہ سین آئے
وہانسے جو سامان تہا ساتہہ لائے

اوسی روز پہر کو تقاسم مین آکر
کہا حال بڑہیانے اندر کو جاکر

ہوا رنج بہوا کو سنکر نہایت
مگر اپنے بیٹونکو کی یہ ہدایت

جدائی ہین انکو کہلاو پلاو
انہین تو مرہ بہٹیرنکو بتاو

پلنگ ایک حجرہ مین اپنے بچہایا
برابر مین بڑہیا کو اوسپر سلایا

سنین اوسکی باتین اور اپنی سنائین
جو بخت نے انکو لیلا دکہائین

ہمین اس عمر مین کچہہ عجب کی باتین
تعجب دلاتی ہمین سب اسکی باتین

گئی جیسے ماں اسکی گنگا نہائی
کہے اسنے یہاں ہمسے احوال سارے
کہا یہ بہی اماں نہین آئینگی اب
اودہر تمنے دلی سے چلنا بچارا
لگا یک ہنسا اور بہت کہکہلایا
کہا ابتو دن کچھہ ہمارے بہلی ہین
رہا آج پہر جب پہر کا لڑکا
اوٹہے میرے بیٹے بہی گہبراکی تینون
لیا گود مین چہوٹے لڑکے نے میرے
کہا کچھہ نہین دکھہ نہ ہین کچھہ ڈرایا
مجھے آج دلے سے آتے ہین لینے
گوارا تمہاری جدائی نہین ہے
یہ باتین سبہی جہوٹہہ مانی تہی ہمنے
مگر جب تم آئے تو سچ ہمنے جانا
پہر اب رات سے یہ جگاتا ہے سبکو

وہانسے چلی اور دلی کو آئی
اسیطرح دن اسنے ابتک گذارے
مجھے پاس ہی اپنے بلوائنگی اب
ادہر اسکے دلپر کہلا حال سارا
کہا ہمنے یہ بخت کیا تمکو پایا
مجھے یہانسے لیجانیوالے چلے ہین
بہت مضطرب ہوکے رو دیا یہ لڑکا
وہ بیٹھے سبہی پاس آآکے تینون
کہا آج بہیا ہوا کیا یہ تیرے
تمہاری محبت نے مجھکو ستایا
پڑے ہین یہی مجھکو لینے کے دینے
مرے دلمین اسکی سمائی نہین تہے
لڑکپن کی باتین یہ جانی تہی ہمنے
یہ لڑکا نہین اسکو اوتار مانا
ہر ایام جیتا جیاتا ہے سبکو

جگاتا ہے غفلت مین سوتے ہوونکو ہنساتا ہے ذرات روتے ہوونکو
یہ پڑہیا ہے باتین ہمین دوپہر تک نہ سونے دین بخت نے پھر سحر تک
پہر پہر کے پیچھے پہر اونکو جگایا کہا اب اوٹہو وقت سفر کا آیا
کیا نیت نیم او بہٹکے بہولنے بنا جو تہا رام رام اور سر کرشن جپنا
اوسیوقت چاچی نے بہوجن بنایا سحر ہوتے ہوتے سبہونکو کہلایا
وہ کہا سے پیکے رخصت ہوئی پہر وہانسے چلے ساتہہ چاچا بہی کچہہ پہنچانسے
ندی تک وہ پہنچا کے پہر گہر کو آئے غم و رنج فرقت کو ہمراہ لائے
ہوئے وہانسے رخصت آگی کو راہی ہراسان ہوئے یک بیک سب سپاہی
نظر ایک شیر ژیان سبکو آیا جو ہمراہ تہے خوف جان سبکو آیا
وہ شیر آگیا پاس ہی جب بہل کے لگے بہاگنے ساتہہ والے دہل کے
مہاراج نے پانو اپنا پسارا لگا چاٹنے تب وہ ہر بہگت پیارا
کیا پیار اور رکہدیا ہاتہہ سر پر کیا اوسکو رخصت یہ بر دان دیکر
ہوا تہا جو تمکو سراپ اوس سی چہوٹے کیا تہا جو کچہہ تمنے پاپ اوس سی چہوٹے
تم اب اندر کے لوک کو بہانسے جاو چلو بہانسے جاو پرم دہام پاو
چلا شیر واپس تو کچہہ دور چلکر گیا دم نکل گر گیا وہ زمین پر

سبھی ساتھ والے تعجب مین آئے — لگے ساتھ چلنے مگر خوف کہائے
کہا سبنے دیکہو کسیسے نہ کہنا — اگر چاہتے ہو مری ساتھ رہنا
مناتے ہوے خیر آئے وہ دلی — بامن وامان اونکو لائے تو دلی
ادہر سے آئے ماما ادہر سے آئے نانا — رہا دیر تک یون ہی ملنا ملانا
ملے جاکے پھر ماںنے نانیسے اپنے — کیا سبکو خوش خوش بیانیسے اپنے
لگے سبسے ہلملکے رہنے وہان پر — ہوے انکے اوصاف سبکی زبان پر

ہوا اونکا یون ساتوان سال پورا
ہوا ساتون سالکا حال پورا

پڑہنے سے بیزار ہونا اور سبگا مینسے انکار کرنا

لگا آٹھوان سال دلی مین اگر — لگے رہنے خوشحال دلی مین آکر
وہین ایک نانانے مکتب بٹھایا — پڑہانیکو استاد کامل بلایا
منائی خوشی دلکے ارمان نکالے — کیا پھر نواسے کو اونکے حوالے
کہا دلسے اسکو لکھاؤ پڑہاؤ — محبت سے الفت سی سبق سکھاؤ
نوابسیکو پڑہنا گوارا نہین تہا — ہدایت سے نانا کی چارہ نہین تہا

اوسی روز آئی کہین سے سگائی
اوہنین دیکہنے آئے لوگ اور لگائی

تو ماں اور نانی نے اونکو بلایا
تہا گود مین اپنے سبکو دکہایا

مہاراج بولے کہ سنتی ہو نانی
تجہے قید مین کیون پہنانیکی ٹہانی

کرو مہربانی نہ لو تم سگائی
نہین اسمین میرے لیے کچہہ بہلائی

ہوئین سنکے ناراض ماں اور نانی
وہین آئے نانا سنی یہ کہانی

بظاہر بہت ہی خفا ہوکے بولے
کہ رنجیت پیارے ابہی تم ہو بہولے

زباں سے نہ تم ایسی باتین نکالو
دکہاو نہ بچپن ذرا دیکہو بہالو

تمہین کیا خبر اسکا انجام کیا ہے
ہے تکلیف کیا اور آرام کیا ہے

کہو بیاہ کرنے مین ہی کیا برائی
نہ کرنیمین شادی کی ہے کیا بہلائی

بتا دہمین کیا سمائی ہی دلمین
کہو جو برائی بہلائی ہے دلمین

ترے باپ دادا سبہی ہیکت جنہی
نہ تیری طرح وہ دریدہ دہن تہے

اوہنون نی بہی آخر کیے بیاہ شادی
کسینے تجہے بات یہ کیا سکہا دی

کبیرا و ریداس جیدیو نرہصر
ہوئے ہین یہ سب ایک سی ایک بڑہکر

کسینے بہی اس مین نہ سمجہا برا ہے
ترے دلمین بیٹا یہ کیا دہن سمائی

برہمہا بسن اور بشن ایسے / سری رام اور کرشن اوتار جیسے
نہ سمجہا کسینے بہی شادی کو پاپ / سمجہتا ہے تو دلمین معیوب جسکا
پڑہو بہگت مال اور کہا میرا مانو / ہوئی ہین جو ہر بہگت حال اونکا تو جانو
رکہا بیاہ شادی نی ناکام کسکو / برا او نہین سمجہے سری رام کسکو
جو رہتے ہین بالکل مجرد اکیلے / بہت ساتہہ ہوتی ہین اونکی جہمیلے
نہین جانتا معتبر کوئی اونکو / نہین مانتا معتبر کوئی اونکو
نہین جنکو ملتی ہے دنیا مین ناری / وہ ناری ہین ناری مین ناری ہین ناری

سگانسے انکار اچہا نہین ہے
تمہارا یہ اصرار اچہا نہین ہے

جو دیکہا کہ نانا خفا ہو رہی ہین / برا دلمین نانا خفا ہو رہی ہین
سراسیمگی کچہہ ہوئی دلپہ طاری / دکہائی کچہہ اپنی بہت شرمساری
بہت عاجزی اور نرمی سی بولے / جو دلمین تہے وہ راز سربستہ کہولے
مین نادان ہون کچہہ لیاقت نہین ہے / مری یہ مجال اور طاقت نہین ہے
کہ ہو آپ کا حکم اور مین نہ مانون / بجالانا اوسکا سعادت نہ جانون
مگر بات میری تو ہ دلسے سنیے / زبان تک بہی آئیگی مشکلسے سنیے

مجھے خوف ہے آپکی ناخوشیکا
کہو تو نکالون غبار اپنے جی کا

کہا پھر تو نانا نے ہان ہان کہو تم
جو کچھ ہے آتی دلمین مری جان کہو تم

اجازت یہ پاکر زبان اپنی کہولی
یہ باتین سناکر زبان اپنی کہولی

مہاراج ہو آپ سر پر ہمارے
سنوارو گے تم ہی مرے کام سارے

سُہاتے نہین مجھکو دنیا کے دہندے
نہ ڈالو عبث میری گردن مین پھندے

زبان سے لیا آپ نے نام جسکا
یہان اور وہان فرق ہے رات دن کا

وہ نور مجسم مین سایہ سراپا
مجھے سوجھتا ہی نہین اپنا آپا

وہ سورج ہے اور مین ذرہ سے کمتر
مجھے کردیا آپ نے اونکا ہمسر

وہ کرتے تھے جو کچھ نہ مین کر سکونگا
یہ بار اپنے سر پر نہ مین دہر سکونگا

کہان آسمان سے ہے نسبت زمین کو
نہین اس مین کچھ دخل ہان اور نہین کو

ارادہ یہ ہر گز نہ کیجے نہ کیجے
سگائی نہ کیجے نہ کیجے نہ کیجے

اگر آپ یون ہی دباوٗنگے مجھکو
تو پھر پاس اپنے نہ پاوگی مجھکو

پہاڑون مین جنگل مین اوٹھ جا بسونگا مین
یہان بہول کر بھی نہ پھر آونگا مین

کرے راہ حق سے جو گمراہ زن ہے
یہ گمراہ کن ہے یہی راہزن ہے

سنی یا نہین تمنے گوتم کی حالت
وہ مجذوب کی حالت پر ملالت

ہے معلوم سبکو مہاراجہ جسرت
دم مرگ جو لیگئے ساتھ حسرت

دلیروں کو کرتی ہے زن آہ بیہمین
یہ لیتی ہے اقرار دیدیکے قسمین

اذیت ہین دنیا مین زن کی بدولت
مصیبت ہین دنیا مین زن کی بدولت

یہ رنگتے ہین شادی مین اعمالنامہ
پہنتے ہین سب مرد عورتکا جامہ

وہی وہ نظر اونکو آتے ہین ہرسو
وہی اپنا جلوہ دکھاتی ہین ہرسو

نہین سوجھتا کوئی بھائی برادر
نہین پوچھتے حال ہمشیر و مادر

خوشی قید ہونیکی ہین سب مناتے
ہین اسکے لیے شادیانے بجاتے

ہے اہل دنیا و دین زن کی بس مین
وہ رہتے ہین سب زندگی بھر قفس مین

مجھے ایسا قیدی بناو نہ نانا
مجھے اس بلا مین پھنساو نہ نانا

نہین زن مریدی پہ مائل مرا دل
نہین بیاہ شادی پہ مائل مرا دل

یہ سن سنکے باتین سب اندوہ کھوئے
ہوئے شاد نانا بہت دلمین ہوئے

کیا پیار اپنے گلے سے لگا کے
لگے کہنے کچھ ہنسکے اور مسکراکے

یہی بات دلکو اگر تیرے بھائے — تو ہم تیری ہرگز نہ لینگے سگائی
کیا ہمنے تمکو سبکدوش بالکل — جو کچھ دلمیں آئے کرو بی تامل

جو مہمان آئے تھے واپس گئے وہ
سگائی جو لائے تھے واپس گئے وہ

وہاں سے اوٹھے جا کے مکتب مین پہنچے — بہت تنگدل آ کے مکتب مین بیٹھے
سبا بھی سکھلانے لگے دلسے اونکو — پڑھانے لکھانے لگے دل سے اونکو
مگر وہ نہ پڑھنے مین دلکو لگا دین — جو لکھنے کو کہین ہین مسکرا دین
ہو پڑھنے کی نوبت تو خالی کہین وہ — ہو لکھنے کی باری تو بارے لکھین وہ
کریما کرم کن کرم کن کرم کن — رہے اونکو جس وقت دیکھو یہی دھن
فقط رام کے نام سے کام اونکو — پیارا لگے رام ہی رام اون کو
اسیطرح گزرے کئی جب مہینے — تو دلمین کیا غور استاد جی نے
نہین ہے مذاق اسکو پڑھنے بالکل — مذاق اسکے کرتا ہے یہ بی تامل
مرا خوف کچھ اسپہ غالب نہین ہے — یہ اس علم کا دلسے طالب نہین ہے
کہا ایک دن تم نہین دل لگاتے — مذاق اور ہنسی سے نہین باز آتے
نہین ہین ہنسین ہین یہ تکرار اچھے — سمجھتے نہین ہم یہ اطوار اچھے

پڑھو اور لکھو علم میں دل لگاؤ
کہا تم رکھو اپنا پڑھنا پڑھانا
نہیں دین و دنیا کی پروا ہے مجھے کچھ
میاں جی یہ سنکر تعجب میں آئے
لگے کہنے اچھا اگر ہے یہ صورت
طبیعت اگر اس پہ مائل ہو گی

بڑے ہے عقل اور حس سے کہا تم کماؤ
نہیں مجھکو دین اور دولت کمانا
سوا رام کی چاہیے کیا مجھے کچھ
بہت ہی ہنسے اور بہت مسکرانے لگے
تو ہی علم کی اس میں بیشک ضرورت
تو پہچان حق کی ہی حاصل ہو گی

مہاراج سنکے بہت کھکھلائے
میاں جی کو برجستہ فقرے سنائے

سنو ہو میاں جی بڑی تم تو کامل
نہیں کیا سبب حق کی پہچان تمکو
نہیں آدمی کو بھی پہچانتے تم
مجھے خوب علم لدنی ہے حاصل
نہیں اور لیا کچھ بھی پڑھتے پڑھاتے
الف بے پڑھے وہ کہو کس سے جا کر
کہا پھر میاں جی نے یہ بات سنکر

نہیں علم اچھا ہی ہو تم تو عاقل
کہو کیا کہے کوئی انسان تمکو
نہیں جانتے تم نہیں جانتے تم
سمجھ بوجھکر بن رہا ہوں نہیں جاہل
ازل سے وہ ہیں علم کو ساتھ لائے
وہ کب جا کے بیٹھے مکتب میں کچھ دن جھکا کر
نہیں بات ہی بلکہ صلوات سنکر

ولی ہو ولی ہو ولی ہمنے مانا
مگر چاہتے ہم ہین کچھ آزمانا

کرامات ہو پڑہکے معنے سناؤ
ہمین کچھ تو علم لدنی دکھاؤ

کہا تم کہوگے وہی ہم کرینگے
مگر تمسے پہلے یہ اقرار لینگے

رکھوگے نہفتہ یہ راز نہانی
کہوگے کسیسے نہ تم یہ کہانی

تو مین تمکو پڑہ کر سنادونگا سب کچھ
چھپا دونگا بالکل نہ مین تمسے اب کچھ

کریما سنو تو کریما سنادون
پڑے ہے کرکوئی تو گلستان پڑہا دو

سمجھہ لو کلام الٰہی کا مطلب
نہ باقی رہے آزمانا کسی ڈہب

بڑی سی کتاب ایک جلدی اوٹھا کر
رکھی سامنے تب کیا خوش سنا کر

میانجی سنے اوٹھکر ہین پانو پکڑے
پڑے پانو ہمین وہ جو لڑکی تہی اکڑے

کہا ہمکو اب کچھ نہین آزمانا
حقیقت مین تم اولیا ہو یہ جانا

ہوئین آجتک ہین خطائین جو ہمسے
معاف آپ فرمائین براہ کرم سے

مہاراج سنے کرکے نیچے نگاہین
کہا ہین بزرگ آپ مجھکو نباہین

مین شاگرد ہون ایک ادنی تمہارا
تمہاری عنایت سی ہو گا گزارا

ہوئی شام لیکر اجازت گہر آئے
سحر گاہ مکتب کو تشریف لائے

زر و نقد دیگر کہا نذر لیجے
مری سب خطائین مجہے بخش دیجے

خلاف ادب مجہسے جو کچہہ ہوا ہو
معافی کے قابل ہی جو کچہہ کیا ہو

نہ آونگا پہر سے کو مین اب یہان پر
رہین مہربان آپ مجہہ ناتوان پر

میانجی نے ہنسکر کیا اونکو رخصت
چلے ہنستے ہنستے ہوئی خوش طبیعت

جب اپنے کو ہر طرح آزاد پایا
بہجن اور سمرن مین دلکو لگایا

ملا آپکے نانا سے استاد اونکا
کیا اونکی لیلا سے دل شاد اونکا

کیا ذکر نانا نے لنجو سے سارا
نہا جو طبیعت کو سنکے گوارا

یہ سنکر اوٹہی دلمین آزردہ ہوکر
وہ جا بیٹہی خلوت مین پژمردہ ہوکر

وہان اوسنے رنجیت کو بہی بلایا
بلایا وہین پاس اپنے بٹہایا

روان اوسکی آنکہونسے چہرہ پہ پانی
عیان اوسکے چہرہ سے سوز نہانی

کہا تم ہو مجہکو دل و جان سے پیارے
ذرا دلکی باتین کہو ماننے پیارے

میانجی سے پڑہنا ہی تم چہوڑ بیٹہے
سگائی کا رشتہ بہی تم توڑ بیٹہے

دباؤن تو گہر سے نکلنے کی دہمکی
کہون کس سے یہ بات مین درد و غم کی

یہ بات اور یا تو نسے پڑہکر تمہاری
ہوا چاہتے ہو تیاگی اور بہکہاری

ہے یہ جو تمہیں ایک دادا کے گھر مین / سوا ایسا تمہارا لگا دہیان ہر مین
بناو گدا دن فقیرونکی صورت / پہرو اب ادہر اور ادہر بضرورت
سمجھتے نہیں کس گہرانکی ہو تم / فقط میری دلکو دکہلانیکے ہو تم

ملین آرزوئین مری خاک مین سب
اوڑاتے پہرو خاک در در کی تم اب

کہا میرا مانو کہا میرا مانو / برا بادشا دیکھو ہرگز نہ جانو
اگر مجھکو تم اپنی مان جانتے ہو / تو کہنا مرا کیون نہیں مانتے ہو
پڑہاؤن لکھاؤن سگائی بہی لونمین / منا دن خوشی منکی آئی کرونمین
بہوکو بہی دیکھون یہ منشا ہو پورے / ہو میرے دل غمزدہ کو صبورے

مگر کیا کرون تم نہیں میرے بسکے
کبہی مر رہونگی مین یونہی ترسکے

سنین جب یہ نجیب نے مانکی باتین / اسیر غم و درد مہانکی باتین ٢٦
ہوا دل پریشان طبیعت ہراسان / ہوئی فکر کیونکر یہ مشکل ہو آسان
کہا دہیان مین یاد پرماتما کو / جو دیتا ہے سب اس اس آتماکو
لگے جوڑ کر ہاتھ ماتہے کہنے / لگی دہار آنسو کی آنکھونسی بہنے

نہیں میں تمہاری اطاعت سے باہر ہدایت تمہاری مرے چشم و سر پر

تمہیں مجھسے پہنچے اذیت ستم سے میں ایسا ہون بی حمیت ستم سے

مجھے تمنے دکھ سہہ کے پالا ہے ماتا مجھے تمنے اب تک سنبھالا ہے ناتا

تمہارے سوا کوئی میرا نہیں ہے یہ جانو ہو تم ہی مجھے یقین ہے

جواب درد سے دور تم ہی کروگی مرے دلکو مسرور تم ہی کروگی

مٹاوگی دکھ تم ہی آوا گون کا دکھاوگی سکھ تم ہی مکتی کی دن کا

اگر آپ مجھپر عنایت رکھوگی اگر آپ میری حمایت کروگی

ستائیگا کوئی نہ بٹ مار مجھکو کریگا نہ پھر راہ زن خوار مجھکو

کٹم اور پروار ہی رہزن ہیں عیال اور اطفال ہی بیخ کن ہیں

یہ دہن اسکے ہاتھوں سے برباد جاتا ہے آتا انہیں لوٹنا خوب آتا

یہ بیدرد ہیں جان لیتے ستاکر یہ برجسم ہیں خاک کرتی جلاکر

نہ یہ کام آتے ہیں آخر کسیکے نہ یہ ساتھ جاتے ہیں آخر کسیکے

بنا انکی سب ہے بیاہ شادی سگائی خراب اس عمل سے ہی ساری خدائی

اسیواسطے مین سگائی سے بہاگا اسیواسطے کتخدائی سے بہاگا

نہ ہوگی سگائی نہ پہیلے گا کنبا نہ پہیلے گا کنبا نہ دکھ دیگا کنبا

یہ امن و امان رام کا نام لونگا
تمہاری سرن لینکے بچ دیا م لونگا

مرا جنم پاپا سپھل تم کروگے
مری زندگی تکمیل تم کروگے

مرا دکھ مٹاؤ مٹاؤ مٹاؤ
یہ جھگڑا نہ تم میرے پیچھے لگاؤ

جو دنیا کو اس طور پر چھوڑتے ہیں
محبت کے رشتوں کو یوں توڑتے ہیں

بڑھاتے ہیں تب سر پر رام اونکا
گدا اور بھکاری ہیں نام اونکا

سمجھتے ہیں وہ ہیچ دنیا و دین کو
زمین وہ سمجھتے ہیں عرش بریں کو

اوڑاتے پھرینگے وہ کیوں خاک در در
پھرینگے وہ کیوں مانگتے بھیک گھر گھر

سنیں جب یہ ماتا نی باتیں پسر کی
ستائش لگی کرنے اوس باخبر کی

کہا گیان ایسا کہاں تمنے پایا
گرو بھی نہیں کوئی اب تک بنایا

یہ تقریر تیری بہت پر اثر ہے
نہ لگجاے میری نظر مجھکو ڈر ہے

یقین ہو گیا ہو گیا مجھکو باور
مرے بھاگ جاگے ہوا بخت یاور

سپوت ایسا بیٹا ہوا مجھسے پیدا
دل و جان سے تجھپر ہوں قربان و شیدا

اثر کر گئی تیری تقریر بھائی
نہ تجھکو پڑھاؤں نہ لونگی سگائی

ہمیشہ رکھے ایشور شاد تجھکو
کیا میں نے رخصت آزاد تجھکو

مگر صدق دل سے سنو میرا کہنا
مری عمر بہر تم مرے پاس رہنا

یہ قول اور اقرار مین تمسے لونگی
پہاڑ اور جنگلمین جانے نہ دونگی

مجھے یہ گوارا نہیں ایسی بہگتی
نظر سے جدائی ہو نور نظر کی

کرو تم بہی بہگتی مجھے بہی سکہاؤ
مجھے بہی اسی راہ پر تم لگاؤ

مہاراج سنکر ہوئے دلمین شادان
کہا مسکرا کر کہ ہون مین تو نادان

یہ پرتاب جو کچھہ ہے سب آپکا ہی
سہارا مجھے صرف اب آپکا ہی

ہوئی اب تسلی نہیں دل پریشان
کیا آپ نے میری مشکلکو آسان

مین سیوا مین دن رات حاضر رہونگا
نہیں ہے یہ ممکن کہ قاصر رہونگا

ہوئی مان بہی ویسی ہی تہے جیسے بیٹے
کہان ایسی مان اور کہان ایسے بیٹے

ہوئی سال ہشتم کی پوری کتھا سب
نوین سال کا تم سنو ماجرا اب

پریم اوستہا

لگے یہ نوین سال لیلا دکہانے
لگے گہر سے باہر بہی وہ آنے جانے

جبین پر تلک ہاتہہ مین او مالا ہو درسن سے جنکے دو نینون اوجالا
جو سنتو نکو دیکہین تو گردن جہکاوین کبہی اپنی ہمراہ سادہو نکو لاوین
کہلاوین پلاوین کرین اونکی سیوا ہوا الغرض سنت سیوا سے شیوا
مساکین و محتاج جو در پہ آوین اونہین پاس سے اپنے دین او دلاوین
بہکاری کے تہے داس نانا بہی اونکے لقب رای تہا نام پر پہلے جنکے
سدا برت بہی اونکا رہتا تہا جاری کہ ملتے تہے جس سے ہزارون بہکاری
پہر بہر کا بہتا انت نیم اونکا دائم پریم بشنو اور جت مت مین قائم
کہتا ایک پنڈت سناتے ہمیشہ بہت لوگ سننے کو آتے ہمیشہ
مہاراج رنجیت بہی دل لگا کر کہتا پاس نانا کے سنتے تہے آکر
اونہیں دیکہکر سب تعجب مین رہتے سرو تا سب اونکو پریم بہگت کہتے

رہا حال ایسا ہی دسوین برس مین
رکہا گیارہوین سال بہی دل کو بس مین

تہی بارہوین سال کچہہ بیقراری پریم اوسکے دل پر ہوا پہر تو طاری
نہ قابو مین دل اور نہ ہوش اپنے تنکا نہ کہانیکی فکر اور نہ غم پیرہن کا
سری کرشن کہنا ہر اک رام جپنا اسیکو سمجہتے تہے وہ کام اپنا

رہی پانچ سال اوسکی ایسی حالت — لگی ہونی بہت اوسے بھی کچھ طوالت

ہوا درد جانسوز پیدا جگر مین — غم دل ہوا موجزن چشم تر مین

ہوئے ایکدن بہگت جب فراہم — کہا سنکے چرچا لگی کرنی باہم

ہوئے بہگت راج اوسنے سرگرم الفت — زبان سے نکالی بہت دل کی کلفت

یہی گفتگو تہی کہ کب ہر ملینگے — یہی جستجو تہی کہ کیونکر ملینگے

کہا تم بری ہو نہگتی ہے پوری — رکہو دلمین اپنے قرار و صبوری

سری رام تمکو ملینگے ملینگے — وہ درشن ضرور آپکو دینگے دینگے

اگر کوئی ست گر ملا تمکو سورا — تو ہو جائیگا کام جلدی ہی پورا

گرو پار کر دینگے نیا تمہاری — بجانینگے بنسی کنہیا تمہاری

ہوئی پہر یہ سنکر گرو کی تمنا — بڑہی دلمین اس جستجو کی تمنا

یہی ذکر سبسے یہی بات دلمین — یہی فکر رہتی تہی دن رات دلمین

ملے کوئی ایسا گرو سی ملا دے — گرو کا پتا کوئی جلدی بتا دے

اسی آرزو مین یہی کوچہ گردی — اسی جستجو مین تہی صحرا نوردی

گرہستی بہی اور برہمچاری بہی دیکہے — اوداسی بہی سنیاسی دہاری بہی دیکہے

ضعیف اور لاغر جوان اور توانا — سبہی دیکہہ ڈالے مگر دل نمانا

رہی دو برس یہ تلاش اور کوشش — خیال خورش اور نہ کچھہ فکر پوشش
نہ آیا نظر جب کوئی اونکو بھیدی — تو بہرنے لگی یاس اور نا امیدی
ہوئی زندگانی وبال اونپہ آخر — ہوئے مہربان وہ دیال اونپہ آخر
دہین خواب مین آئے سکھدیو سوامی — یہ جلدیسی بولے نمامی نمامی
کہا آو شکتار پر گہٹ ملینگے — گرو بننگے ہم دیکشا تمکو دینگے
یہ دیکہا تو صبر و قرار اونکو آیا — مگر دلکو قابو مین اپنے نہ پایا
چلے وہانسے بے اختیار اٹہکر — رہا ہوش جانیکا یارا نہ اوٹہکر
گرونے بلایا خوشی یہ نہ کم تہی — گرو وار تہا چیت سکلا یکم تہی
پہر دن رہے وہ وہان جا پہنچے — گرونے کہا تہا جہان آ پہنچے
بہت پرفضا وہ مقام مبارک — وہی جس کا شکتار نام مبارک
زمین پر تہا بیکنٹہہ گنگا کنارے — تہے ذرے جہان آسمان کے ستارے
جہان تہا گوت اور اوسکی برائی — پرچہت کو سکہدیوجی نے سنائی
بزیر شجر ایک اونچا سا ٹیلا — وہان آگئے اور دیکہی یہ لیلا
بیان کر سکون یہ کہان میری طاقت — زبان مین کہان سے یہ لاون طلاقت
جمائے ہوئے پدم آسن مہورت — مٹے جنکے درشن سے دل کی کدورت

بیان کر سکون یہ کہاں میری طاقت ۔ زباں میں کہاں ہے یہ لاؤں طلاقت
جہاں سے نظر آئے سب سے گزارے ۔ وہانتک وہ سب بندگان آئے آبارے
کھڑے آ ہوئے سامنے سر جھکائے ۔ نظر اونکی آن و ادا پر جمائی
طواف اونکا کر کے رکھا پانو زمیں پر ۔ مہاراج نے رکھکے ہاتھ اونکے سر پر
کہا بیٹھ جاؤ او بہو سر اوٹھا ۔ ہمیں اپنی ساری حقیقت سناؤ
کہاں سے چلے آتے ہو کے بالک ۔ ہوا کون رہبر تمہارا یہانتک
تمنا ہے کیا آرزو تمکو کیا ہے ۔ ہے کیا مدعا جستجو تمکو کیا ہے
کہا آپ پر ہے عیاں حال سارا ۔ نہاں سے نہاں آپ پر آشکارا
مقرر ہے یہ عارفانہ تجاہل ۔ مگر مجھکو تعمیل میں کیا تامل
چہیون بنس سے ہے ذات میری ڈہوسر ۔ وطن میرا ڈہرہ ہی دلی مرا گہر
سنا نام ہے میں نے رنجیت اپنا ۔ مرا کام ہے رام کا نام جپنا
سری کرشن ملجائیں یہ آرزو ہے ۔ مجھے بالپن سے یہی جستجو ہے
خبر میں نے یہ سادہو سنتو سے پائی ۔ ملیں وہ جو ست گر کریں رہنمائی
سو اب سے ملگئے تم مہاراج مجھکو ۔ جو ملنا تہا سب کچھ ملا آج مجھکو
یہ کہتے ہی کہتے نکل آئے آنسو ۔ جگر اور دلکو بہالائے آنسو

محبت یہ دیکھی پریم ایسا پایا
کہا پہلی باتین نہ بھولو نہ چوکو
تمہین اپنے کندھے سے جسنے اٹھایا
کبھو تمکو پیڑے دیے تھے کسینے
کسینے تمہین اپنا چیلا کیا تہا
کہو اب بھی پہچان سکتے ہو انکو
یہ سنکر وہ حیرت سے تکتی تھی صورت
جو دیکھا تہا پہلے وہ سب یاد آیا
لگے کہنے ساری تمہاری ہے مایا
مری کوئی ہستی نہین تم ہی تم ہو
نہین کوئی میرا رہا مین نہ کوئی
مجھے آپ اب خاص خدمتمین لیجے

گروجی نے پھر تو گلے سی لگایا
کرو یاد اپنے پرانے گرو کو
تمہین گود مین اپنے جسنے کھلایا
کبھو پیار تمسے کیا تہا کسی نے
کبھو کوئی بردان تمکو دیا تہا
وہ ملجائین تو جان سکتے ہو انکو
نظر ہی نظر مین پرکھتی تھی مورت
وہی روپ دیکھا وہی رنگ پایا
تمہین نے کھلایا تمہین نے پلایا
یہان خود پرستے نہین تم ہی تم ہو
سرت آپ مین مینے اپنی سموئی
دیا کر کے اب مجھکو اپنا ہی کیجے

یہ سنکر ہنسے مسکرائے گروجی
زبان پر نہی اپنی لائے گروجی

چیون بنس ہو بھگت اوتار ہو تم
کرشن انس ہو بھگت اوتار ہو تم

بناوے گے بگڑے ہوئے کام سارے
او بار و کے ڈوبے ہو ونکو بہی پیارے

کہا مین تو بالک تمہارا ہون داتا
مرے آپ ہی ہو پتا اور ماتا

مجہے خواہ لالا کہو خواہ بہیا
بڑہاوے مجہے چاہو کہکر کنہیا

ہنوز تہہ جو میرے ہین کوپے کرو تم
مرے سر پہ اب ہاتہہ اپنا دہرو تم

بناوا تیت آپ مجہکو بناو
برن ذات کل کے قضیے مٹاو

منی خوش ہوئے مدعا اپنا پایا
پہر اونکو یہ اپنا کرشمہ دکہایا

وہین ایک بونٹی ملی اوسکے سر پر
اوسیوقت سارے گرے بال جہڑ کر

ندی بہی ہوئی پہر عنسل آشکارا
گرو جیکی قدرت کا تہا جلوہ سارا

وہین ایک لنگر بہی اوسنے کہیایا
تاک اپنے مستک پہ پہیلے کرایا

کیا ہاتہہ سے اپنے پہر اوسکے ٹیکا
سری سلمل جو تہا نام اوسیکا

کیا ہاتہہ اوسپر تو کنٹہی بہی ائے
جو چیلے نے اپنے گرو سے بندہائے

طریقے مرید یکے بتلائے سارے
جو پیر یکے تہے رمز سمجہائی سارے

دیا اونکو اوپدیش منتر سنایا —
بنایا اونہین اپنا چیلا بنایا

کہا نت بنیم اپنا رکہو یہ دائم
ہمیشہ ہمیشہ رہو اسپہ قائم

اوٹھو اور کرو پہلے اشنان پیارے
خیال اپنے دلمین گرو کا جماؤ
چرن اونکے دہوو سر ان اونکی آؤ
کہو بہگت ہر کی مجہے آپ دیجے
کرو دور تشویش آواگون کی
کرو پہر تلک تم بہی اپنی جبین پر
کرو اور گیارہ مقاموں پہ ٹیکا
کف دست سے آچون تین تو تم
کرو سوانس کی روک اسطرح دیکہو
جو تم بائین سر سے دم اپنا چڑہاؤ
اگر داہنے سے چڑہاؤگے اوپر
سمجہ لو چڑہانیکو پورک کہینگے
جو روکوگے دم تم سمجہیو یہ کنبہک
جو پورک کرو دم سولہ جیو تم
کہو دم بتیس ریچک مین پیارے

تو پہر بیٹہو پوجا کے استہان پیارے
تلک اونکے مستک پہ پہلے چڑہاؤ
طواف اونکا کرکے سر اپنا جہکاؤ
عنایت مرے حال پر آپ کیجے
مٹاؤ مصیبت جنم اور مرن کی
ہو نقش سری جلوہ گر اس نگین پر
بدن پر ہو بارہ مقاموں پہ ٹیکا
رکہو یاد یہ بہی ہمیشہ کرو تم
سکہاتا ہون مین کرکی جسطرح دیکہو
تو پہر داہنے سر کی نیچی کو لاؤ
تو بائین سے اوسکو اوتارو سمجہکر
اوتاروگے تب اوسکو ریچک کہینگے
کرو یہ عمل روزمرہ بلاشک
ہمیشہ ہی چونسٹہہ سی کنبہک کرو تم
بتائی تمہین جو رکہو یاد سارے

شمار اس عملکا ہے چوبیس قائم
بہو یہ تو ہو ورد بارہ کا دائم

ہمیشہ یہ کرتے رہو دم نہ مارو
اوتار و چڑہاو چڑہاؤ اوتار

سر بکرشن کا دہیان دلمین بہر دم
یہی شغل اپنا دوامی کرو تم

مزین محل اور مسند رسجاکے
مکلل مرصع سنگہاسن بناکے

رنگیلے چہبیلے کو اوسپر بٹہاؤ
کرو اوسکے درشن اودہر لو لگاؤ

کرو دہوپ دیپ اور چندن چڑہاو
گلے مین اوہنہین پہول مالا پہناؤ

جہانتک ہو امکان دیکہا کرو تم
جہانتک ہو مقدور ایسا کرو تم

گرو منتر کی پانچ مالا کا جپنا
ہمیشہ رکہو یہ وظیفہ تم اپنا

رکہو روز شام و سحر یہ عمل تم
نہ آنے دو زنہار اسمین خلل تم

رسوئی کرو بہوگ پہلے لگاؤ
جو ہون سادہ سنت اونکو بہی تم کہلاؤ

جو کہانیکو بیٹہو کہو رام پہلے
پیو تم جو پانی تو لو نام پہلے

پہر رات باقی رہے جاگ آؤ
اوسیوقت سی دہیانمین دل لگاؤ

کسی اور جانب نجانے دو منکو
خیال اور کوئی نہ لانی دو منکو

گنا باد ہر وقت تم ہر کے گاؤ
پریم اسطرح اپنے دلمین بڑہاؤ

کہا نام بہی اپنا ابتلا دو سوامی
ابہہ استہان بہی اپنا دکہلا دو سوامی

کرم آج مجھپر کیا آپ نی ہے — نیا جسم مجھکو دیا آپ نی ہے
رکھو اب نیا ہی کوئی نام میرا — بتاؤ جو کچھ اب رہیے کام میرا
کہو جیسا بامین اپنا بناؤن — جو مسلک ہو اوس پر چلون اور چلاؤن
جو ہو ترک کرنیکے لایق چھوڑاؤ — جو قابل عمل کے ہو مجھکو بتاؤ
سکھاؤ مجھے جوگ اور گیان کیا ہے — بتاؤ مجھے دین و ایمان کیا ہے

یہ سنکر منی خوش ہوئی اور بولے
جو تھے رمز و اسرار سارے ہی کھولے

مرا نام سکھدیو ہی میرے پیارے — سنو تم پتا بیاس جی تھے ہمارے
نہین کچھ اوجاڑ اور بستی سی مطلب — نہین کچھ بلند اور پستی سی مطلب
نہین کچھ سنسار ما ونی سے — نہین کام کچھ دوستی دشمنی سے
خبر کچھ نہین رنج و راحت کی ہمکو — غرض کچھ نہین گنج و دولت کی ہمکو
ستاتی نہین بھوکھ اور پیاس گاہے — نہین کچھ بھی امید اور یاس گاہے
نہ سردی سی ایذا نہ گرمی سی کاہش — نہ سختی سے رنجش نہ نرمی کی خواہش
و تیرہ نہین خاک تن پر رمانا — طریقہ نہین اپنا دہونی تپانا
نہین زینت جسم سی کام ہمکو — نہین دل مین کچھ خواہش نام ہمکو

نہین کچہہ تمنا نہین آرزو کچہہ
نہ سدہی کی اور سورگ کی جستجو کچہہ

نہین ہے قیام ایک جا پر ہمارا
نہین کچہہ نئی استہان اور گہر ہمارا

اگر ہمکو ملنا ضروری ہو تمسے
کرو دہیان فوراً حضوری ہو تمسے

سدا پاس ہین ہم نہین دور ہرگز
نہین تمسے ہم دور و مہجور ہرگز

ہوا تو دل و جان سے داس میرا
رکہا نام مین نے چرنداس تیرا

رکہو زرد تم اپنا بانا ہمیشہ
لباس اپنا مٹیا رنگانا ہمیشہ

سری بہاگوت دہرم تم اپنا جانو
یہی اپنا دین اور ایمان مانو

سکہائے طریقے جو تہے یوگ کی سب
بتائے سبہی تہے جو بیراگ کی ہٹ

پریم اور بہی چہا گیا تن بدن مین
کہلے راز و اسرار سب ذہن مین

وہ دن اور سب رات اسطرح گزری
کہے کون یہ بات جس طرح گزری

سحر ہو گئی جب تو سکہدیو سوامی
جو ہین سب منی اور رشیون کے حامی

لگے کہنے اب جائینگے ہم تو بن کو
کرو تم بہی خوش جا کی ماتا کے من کو

سنا یہ تو قابو رہا کچہہ نہ دل پر
دکہانے لگی جوشش غم دیدہ تر

گرو جی نے سینے سے اپنے لگایا
لگے پوچہنے اشک اور کہہ سنایا

سمجہہ مین تمہارے کہو کیا یہ آئی
نہ تم اس جدائی کو سمجہو جدائی

ہمین دلسے ہر وقت تم پاس ہو
تم آؤ کہین اور نہ ہمکو بلاؤ
کہا یہ تو ارشاد عالی بجا ہے
سے چلے جاؤ آپ اور دیکہا کرو ہمین
اجازت مجہی پہلے جانیکی دیجے
سے چلے پہر تو پہر پہر کے دیکہین اودہر کو
قدم پہر بہی آگے کو بڑہتا نہ تہا
گروجی نے تب اپنی قدرت دکہائی
نہین چاہیے دل فقیرونکا لینا
قدم پہر بڑہایا تو آگے ہی آ گئے
ہوئے چلتے چلتے وہ پنہان نظر سے
زمین پر تڑپنے لگے ہو کی بیدل
گہڑی دو گہڑی بیقراری رہی کچہہ
سمجہہ سوچکر دلکو قابو مین لائے
وہان بہی اونہون نے کیا کچہہ جو بہو جتن

چرنداس سمجہو چرنداس سمجہو وہ
گرو دہیان اوسوقت موجود پاؤ
مگر میرے نزدیک یہ ناروا ہے
نہین مانتا دل تو پہر کیا کرون مین
گرونی کہا آپ ہی سدہ تجہے
نہ پہیرین گروکیطرف سی نظر کو
گروکی جدائیسے دل نیم جان تہا
سے چلے اور کی اسطرح رہنمائی
گرو ہوکہ چیلا اونہین انس کیسا
نہ پہنچے کوئی اونکو کتنا ہی بہاگے
تو بیتاب ہوکر یہ درد جگر سے
جدائی نے اونکو کیا نیم بسمل
بہت دیر تک دلفگار رہی کچہہ
سے چلے اور فقیر زیور روانسی ہوئے
دسیے دہیان نہین پہر گروجی نی اونکو

کہا ہم نہ تم سے جدا تم نہ ہم سے
تو پھر کیا سروکار اس رنج و غم سے

کرو دھیان موجود تم ہمکو پاؤ
رکھو یہ یقین چاہو جب آزماؤ

ہمیشہ ہمین دھیان مین پاس سمجھو
نہ تم دور ہمکو ہرند اس سمجھو

رہو شاد و مسرور دلی کو جاؤ
کرو ماںکو خوش اپنی صورت دکھاؤ

یہ دیکھا تو آنند دل مین سمایا
طبیعت کو شاد اور بشاش پایا

سے چلے بارہوین روز دلی مین آئے
یہ حالات نانی کو ماںکو سنائے

بہت خوش ہوئے سنکے یہ حال نانا
کہا تم ہوا وتار یہ ہمنے جانا

گرو بھی سبھی ہمکو ایسے ہی پیارے
ہوئے اب تو پورے منورتھ تمہارے

کہا ہے یہ جو کچھ ہے طفیل آپکا ہے
نتیجہ تمہاری ہی پرتاب کا ہے

بہت جلد ماتا نے بھوجن بنایا
محبت سے نانی نے انکو کھلایا

نئے دوسرے روز بستر بنائے
بنائے تھے جیسے سلائے رنگائے

وہ ٹوپی جو تھی تاج شاہی سے بہتر
رکھی اپنے ہاتھوں سے نانا نے سر پر

پنہایا سجایا بدن پر وہ چولا
جو تھا ایک خلعت انھوں کہا امولا

جبین پر تلک جوت ریکھا بنایا
لیا سیکھ وہ جو گرو نے بتایا

ادھ سے پھر ڈنڈوت سوئی شکتا کو کرکے
سروپ اپنے من مین گرو جیکا دھر کے

پڑے پہر چرن اپنی ماتا کے ہو کر
کہا مین ہونگا جسدم اس ہو کر

اجازت مجھے یوگ کرنیکی دو تم
مرے روگ ساری نوارن کرو تم

کہا پہر تو ماتا نے خوش ہو کے جی سے
گرو نے بتایا کرو وہ خوشی سے

یہ اونیسوین سال کا ماجرا ہے
ملاوٹ بناوٹ نہ اسمین ذرا ہے

چودہ برس جوگ سادہن

لگا بیسوان سال سال مبارک
سنو جیسے لکہا ہے حال مبارک

طبیعت ہوئی یوگ سادہن پہ مایل
گپہا کے بنانے پہ راغب ہوا دل

گپہا ہو گئی جبکہ تیار ساری
تو پہر اپنے ہاتہون سے اسکو سنواری

وہان جا کی پہر اپنا آسن جمایا
عبادت ریاضت مین جی کو لگایا

رہین رات دن اب گپہا ہی مین
پہر پہر کو آ بیٹہین باہر ہوا مین

گزر جائین دو دن کبہی اس طرح پر
نہ نکلین گپہا سی کسی وقت باہر

لگے پہر تو آٹہہ آٹہہ دن یون گزرنے
نوین روز ہی وہ لگی ہوش کرنے

دنون کی مہینون کی گنتی نہی پہر
لگی پہر تو پوری سیما وہ اونکی اخر

کیا اسطرح جوگ چودہ برس تک
نہ پاس آئی دنیا و دین کے ہوس تک

کیے انگ اور کرم سارے ہی کامل
ہوئے بندہ کے اور مُدرا کے عامل

پرم ستی کے دیپ انسے دہیان اونکو
نہین کوئی چہین سکا ارمان اون کو

تپسیا کا اور جوگ کا یہ ظہورا
ہوا بس غرض مُدعا اونکا پورا

ہے ذکر ایک دنکا پہر کے تڑکے
ہوا تیز ایسی تہی دل جس سے دہڑکے

گپہا کے قریب اک پڑوسی کا گہر تہا
گپہا کے جو چہپر سے نزدیک تہا

ہوئی شعلہ زن آگ بہی اوسکی ہر سے
پتنگے اوڑی اور گپہا پر بہی برسے

جلایا وہ چہپر گپہا بہی جلائی
بجہانیکی تدبیر کچہ بن نہ آئی

اودہر جل رہے تہے گپہا اور چہپر
ادہر سینکڑوں آبلہ تہے دلوں پر

جو دلسوز تہے مضطرب ہو رہے تہے
جو ہمدرد تہے اپنی جان کہو رہے تہے

مریدوں نے رو رو کے نالے بہائے
مگر وہ بجہانے بجہانے نہ پائے

سحر ہوتے ہوتے ہوئی آگ ٹہنڈی
اولٹ آیا شہر اور منڈی کی منڈی

گوسائین چرند اس تاڑسی جاگے
کہڑے ہو گئے آکے چہپر کے آگے

تعجب مین سب دیکہنے والی آئے
مہاراج اپنی زبان پر یہ لائے

یہ ست گرکی رکشا نے قدرت دکہائی
مجہے میرے پیارے نہ کچہ آنچ آئی

کہا سب نے ہمکو نہیں اسکی کچھ — سند ہے ہو جے ہو چند اسکی
نہ صدمہ ہو کچھ پہ نہ آزار پایا — تمہیں مثل پرہلاد ہس نے بچایا
مہاراج پھر پاس ماتا کے آئے — گیہا کیطرف سے دل اپنا اٹھائے

اجازت سے مرضی سے ماتا کی آکر
رہے دوسری جا پہ استھل بناکر

راج ریت سے رہنا

گرو جسکی تھی اونپہ پوری عنایت — ہوئی ایک دن دھیان مین یون ہدایت
سنے ڈھنگ سی رنگ اپنا جماؤ — رنگیلا نہ سب ٹھاٹھ اپنے بناؤ
رہو جیسے رہتے ہین راجا رنگیلے — رہو کچھ پہ دونون تم رنگیلے چھبیلے
کہ راجا مہاراج ہو تو گیو نکے — بڑے اور سرتاج ہو تو گیو نکے
ہے سب پرتھوی اجدہانی تمہارے — زمین تا فلک حکمرانی تمہاری
بڑی بھاگوت دھرم کی ہی ریاست — کرو جسکو چاہو اب ہو کر سیاست
خلل دھرم مین آگیا ہے مٹاؤ — جو گمراہ ہین راہ پر اونکو لاؤ
دکھاؤ تم اب جگ بل سبکو اپنا — کرو معتقد بر محل سبکو اپنا

مہاراج نے جب عنایت یہ پائی — اجازت یہ پائی ہدایت یہ پائی
تو سب نے الفور ساز و سامان بنایا — جدا پھر دربار ایوان بنایا
رکھے تیس چالیس اپنے ملازم — تہا یا جو کرنا تہا اون سبکو لازم
مکلف مرتب بچھونے بچھائے — وہ شاہانہ مسند وہ تکیے لگائے
ہوئی مسند جم بہی پست اونکے آگے — قدم سے اونکے چومے نصیب اونکے جاگے
بہت سے بہر کے ٹہڈکے کرین اوسکے سوا — کرین اونکی پوجا جو ہین شٹ دیوا
گرو منتر جپ کے گرو ہیان دیکھ کے — وہانسے اوٹھین نت نیم اپنا کر کے
کرین سنکلپ دان دیوین چہپا کر — نئے برہمنکو ہمیشہ بولا کر
مہاراج اسطرح سے راج راجین — سحر گاہ مسند پہ آکر براجین
پہر پہر رہے اونکے درشن کا میلا — پہر دن چڑھے تک ہی جھمیلا
غریبونسے جیسے کرین مہربانی — امیرونسے ویسی ہی شیرین زبانی
غنی ہون کہ محتاج سب اونکے پیارے — گدا ہو تو انکو برابر تھے سارے
کسی سے نہ کچھ مدعا تہا انہین — جو محتاج ہو پاس سے اوسکو دین
وہ غمخوار ہون دردمندونکے دلسے — مددگار ہون مستمندونکی دلسے
رہے وہ پہر شغل خلوت گزینی — ہو کچھ پہلے پہر پہر وہ مسند نشینی

سے ہے گرم دربار وہ شام تک پہر
رہین پہر گہر بار وہ شام تک پہر

سے لگے دل سبہونکا وہ باتین سناوین
زن و مرد سب آکے آنند پاوین

سے ہے نصف شب تک سماج ایک قائم
رکہین یہ طریقہ و تیشر وہ دائم

کرین آٹہہ سدہ اونکی خدمتگزاری
جو فرمائین خدمت بجا لائین ساری

دیالتا برن

غریب اور محتاج تہا ایک کاتہہ
چلن کا رویہ کا تہا نیک کاتہہ

مہاراجکی مہربانی تہی اوسپر
وہ لطف و عنایت کا تہا اونکی خوگر

دیا اوسکے سدہی نے پیغام شادی
بہت کم رہے جبکہ ایام شادی

لکہا اوس مین یہ بہی تہا بہیجو آئی
کرو بیاہ اب ورنہ چہوڑو سگائی

وہ بیچارہ مجبور تہا مفلسی سے
سنے کون اور وہ کہے کیا کسی سے

مہاراجکے پاس دلگیر آیا
پسر کو بہی وہ اسنے ہمراہ لایا

مہاراج نے دیکہکر اوسکی صورت
کہا اسکی شادیکا ہی کب مہورت

کہا اوسنے جو کچہہ تہی ساری سنائی
جو حالت تہی دل کہولکر سب سنائی

کہا بیاہ تم جلد اسکا رچاؤ
کوئی فکر و وسواس دلمین نہ لاؤ

ضرورت ہو جس چیز کی بھی لو تم
کسیسے نہ کچھ ذکر و چرچا کرو تم

یہ سنکر ہوا شادمان گہر کو آیا
زر و نقد جو چاہئے تہا لایا

ایسرانہ شادی کی سامان سب
جو استہل کے چاکر تہے وہ بھی لیے سب

بنا کر سجا کر برات اپنی لایا
سپے نذر استہلین دولہا کو لایا

مہاراج بولے انہیں اوسکو دیکر
بہت جلد تم آؤ دلہن کو لیکر

فقط چار استہل مین جا کر رہی تہے
وہی کار و خدمات وان کر رہی تہے

حفاظت حراست وہ کرنی نیا لی
اوسی رات استہل مین تو چور آئے

جو باہر تہا اسباب سارا چورایا
لیا باندھ پوٹ نمین جو ہاتھ آیا

ہوئے چور جیسے ہی اندر سمٹے
ہوئے سر پہ پوٹین اوٹھاتی ہی اندھے

بھٹکتے پھرے راہ اونکو نپائی
نظر آئی دشوار اونکو رہائی

لگے بات آہستہ آہستہ کرنے
کیا نیچان اونکو خوف و خطر نے

مہاراج نے دیکھ اونکو لیا تہا
مگر دیدہ دانستہ موقع دیا تہا

جو دیکھا کہ اب چور گھبرا رہے ہین
کھڑے ہین پس و پیش مین آرہے ہین

تو آکر کھڑے ہوگئے آپ اونمین
ملانے لگے اپنی آلاپ اونمین

بتانے لگے راہ جانیکی اونکو ‏— یہ دی داد محنت اوٹھانیکی اونکو
کہا آج تو ہم بہت خوار ہو گئے — سحر ہوتی ہی گرفتار ہو گئے
تمہارا پرش کا مال ہمنے چرایا — نہیں سوجھتا کچھ کیا اپنا پایا
کہا مت ڈرو مت ڈرو مت ڈرو تم — نہ اندیشہ کچھ اپنے دلمین کرو تم
کیا ہے مینے آنکہونکو روشن تمہارے — یہ چیزین بھی دین تمکو لیجاؤ ساری
گئے ساتھ کچھ دور پہنچا کی آئے — ملازم جو سوتے ہوئے تھے جگائے
کہا گرم پانی کرو مین نہاؤن — نہا دہو کے اب دہیان مین دل لگاؤن
اوٹھے اور چارون سے ہے سخت حیران — نہ برتن ہی پائے نہ کچھ ساز و سامان
کھڑے ہو گئے سامنے ہاتھ جوڑے — ہوئے اپنے دلمین بہت تھوڑے تھوڑے
کیا عرض باہر کا سامان نہین کچھ — جو چیزین رکھی تھین نہ پائین کہین کچھ
کہا لیگیا ہوگا کوئی چرا کر — تمہین بیخبر اور بیہوش پا کر
چلو اور لے آؤ تم فکر کیا ہے — گئی جو گئی اس کا اب ذکر کیا ہے
اب آئندہ پہرہ پہ ہشیار رہنا — نہ سونا خبردار بیدار رہنا

پڑوسی تھا اک نام تھا جسکا لیکہا
یہ سب ماجرا اوسنے انکہونسے دیکہا

اب اک اور لیلا انوکھی سناون
مہاراجکی ہمتسکو عظمت دکھاون

تھا دہلی مین خوش اعتقاد اک تپی
جو تھا دہر مین نامراد ایک کھتری

مسلسل ہوئین لڑکیان سات اوسکے
جو رہتے ہین پیدا اگر دو ذرات اوسکے

نتھی اوسکے اولاد کوئی نرینہ
نتھا کامیابی کا کوئی قرینہ

ہمیشہ مہاراجکے پاس آتا
یہ حرف تمنا زبانپر نہ لاتا

کیا ایک دن عرض احوال اپنا
بہت دمنین ظاہر کیا حال اپنا

مہاراج نے دو ثمر اوسکو بخشے
نتھے دو ثمر دو پسر اوسکو بخشے

کہا یاد رکھ دو پسر ہونگے پیدا
تر و تازہ مثل ثمر ہونگے پیدا

یہ دیجا کے اوسنے جنجا اپنے گھر مین
دیے اوسکے دونون ثمر اپنی گھر مین

خبر یہ نہ ہر فرد اوسکے گھر مین پھیلی
ہوئی ایسی شہرت کہ گھر گھر مین پھیلی

خوشی سے گزر جب گئی نو مہینے
نظر آئے وضع حملکے قرینے

ہوئین توامان دختر نیک اختر
سعادت مین جو ایک سی ایک بہتر

کسی نے کہا یہ دعا کا اثر ہے
کسی نے کہا دو پہلو نکا ثمر ہے

مذاق اور ہنسی سے کہا یہ کسی نے
یہ بیٹے دیے ہین جنہین پاس جی

کہیں بس انفعالت سے آنا نہ جاتا — مگر حسب معمول استبل مین آنا
کہا کچھ نہ یہ حال مجھزر سے مہینے — کیا خود ہی چرچا چرند اجی نے
کہو کیا پہلون نی تمہین پہل دکہایا — یہ قصہ کسیدن نہ ہمکو سنایا
کہا سچ جنکاے ہوئے حال سارا — جو گزرا تہا سب کچھ کیا آشکارا
کہا جاو گہر سے لے اور آو جلدی — ہمین اونکو تم لاکے دکہلاو جلدی
گیا اور لوالایا دونو نکو کہتری — بہت جلد لیکے آیا دونو نکو کہتری
مہاراج نے جب نظر اونپہ ڈالی — تو یہ بات اپنی زبان سے نکالی
یہ بیٹے ہیں یا بیٹیاں دیکہو او — نہ تم ایسی بیہودہ باتین بناؤ
بتاتے ہو بیٹو نکو بیٹی ستم ہے — بناتے ہو بیٹو نکو بیٹی ستم ہے
سمجہتے ہو تم جہوٹ باتین ہماری — کہ ہر عقل ماری گئی ہے تمہاری
کرو پرورش انکی لیجاو گہر کو — کرینگے نکو نام جیتے پدر کو
یہ لیلا جو دیکہی تو حیران ہوئے سب — چرند اجی کے ثنا خوان ہوئی سب
نظر آتے ہے کامل اثر کاملو نکے — بناتی ہے کامل نظر کاملو نکی

پڑہو اور سنو صدق دل سے یہ لیلا
جنہونکا سبہا بیکا کامل وسیلا

ایک سدہ کو دیکشا دینا

سنا ہے کہ اک سدہ دلی مین آیا
ملک سے نہ تہا کچھہ سروکار اوسکو
بہت آدمی اوسکے درسکو آوین
اگر کوئی پوچھے کہ ہو کسکے چیلے
کہے وہ کنوئین پر مین جا در بچھاؤن
وہان بیٹھے کوئی مرے پاس آکر
تو اوسکو گرو پہر مین اپنا بناؤن
وگرنہ گرو رام کا نام سمجھو
کیا ذکر استہل مین اکدن کسی نے
تو وہ دیکھنے کیلیے آپ آئے
کہا عہد کو ترے مین سنکے آیا
کنوئین پر بہت جلد جا در بچھاؤ
وگرنہ تمہارے سنے سے چلے جاؤ جلدے

بہت اوسنے ابہمان اپنا بڑہایا
پہننے سے کنٹھی کے تہا عار اوسکو
سمجھکر اوسے سدہ سب ہی جہکاوین
تو اوس سے بہت کچھہ کرین وہ جہیلے
وہان اوسکے ادر مین آسن لگاؤن
وہان بیٹھکر ڈرے کوئی مجھکو منتر
سمجھکر گرو سر بہی اوسکو جھکاؤن
ہمارے گرو تم سری رام سمجھو
سنی بات جب یہ جنا نا سبہی نے
جہان سدہ بیٹھا تہا آسن لگانے
یہ کنٹھی بہی سب کچھہ لین ساتھہ لایا
وہان بیٹھکر مجہسے کنٹھی بندہاؤ
یہ سامان تم اپنا لیجاؤ جلدی

کہا سدہ نے مین نہ تمسے ڈرونگا
نہ انکار اس عہد سے مین کرون گا

بچھائی وہیں چاہ پر ایک چادر
گیا بیٹھ چادر پہ آسن لگاکر

مہاراج بھی آکے چادر پہ بیٹھے
پھر اوپر گئے سدہ کے سر پہ بیٹھے

